First India-Chile Joint Commission Meeting

October 16, 2020

ہندوستان - چلی کے مشترکہ کمیشن کا پہلا اجلاس

16 اکتوبر، 2020

1۔ ہندوستان - چلی کے مشترکہ کمیشن کا پہلا اجلاس ورچوئل طریقے سے 16 اکتوبر 2020 کو منعقد کیا گیا۔ اس اجلاس کی مشترکہ صدارت جمہوریہ ہند کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر اور جمہوریہ چلی کے وزیر خارجہ عالی جناب چلی اندریس الامند زاوالا نے کی۔

2۔ دونوں فریقین نے اس بات کو اجاگر کیا کہ یہ مشترکہ کمیشن ہندوستان - چلی کے مابین تعلقات کی ایک اہم پیشرفت ہے، جو کہ وزرائے خارجہ کی سطح پر دونوں ممالک کے مابین پہلا ادارہ جاتی ڈائیلاگ ہے۔

3۔ بھارت نے جمہوریہ چلی کا اپنی خارجہ پالیسی میں ہندوستان کو ترجیحی ملک کے طور پر نامزد کرنے کے لئے چلی کے فیصلے کا خیرمقدم کیا۔ چلی ممبئی میں اپنا قونصل خانہ بھی کھولے گا۔

4۔ باہمی تعلقات کا جائزہ لیتے ہوئے، دونوں فریقین نے بھارت چلی تعلقات میں ہوئی حالیہ پیشرفت کا جائزہ لیا۔ دونوں فریقین نے اپنی وسیع تعلقات کے حوالے سے مستقبل کے پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے دیگر شعبوں کے علاوہ، ٹریڈ اور کامرس، زراعت، صحت اور سماجی تحفظ، دفاع، خلا، سائنس اور ٹکنالوجی، توانائی، کان کنی، ثقافت اور تعلیم، ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور انٹارکٹیکا کے حوالے سے تعاون کے شعبوں میں دونوں ممالک کے تعلقات میں نئی رفتار اضافہ کرنے پر اتفاق کیا۔

5۔ دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور، خاص طور پر کووڈ 19 وبائی بیماری کے پھیلنے کے تناظر کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خارجہ نے ہندوستان کی معاشی بحالی کی اساس کے طور پر خود انحصاری اور انسانیت کی بنیاد پر عالمگیریت کے ذریعے لچک بڑھانے کے لئے وزیر اعظم کے آتم نربھر بھارت کے وژن کو اجاگر کیا۔ انہوں نے چلی کو ہندوستان کی نئی معاشی صلاحیتوں اور بڑھتی ہوئی مارکیٹ سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دی۔

6۔ متعدد عالمی اور علاقائی امور پر اپنے رائے کی یگانگت کے مد نظر، دونوں فریقوں نے کثیر جہتی فورم میں قریب کوارڈنیشن بنانے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

16 اکتوبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.